نافچے کا درد

تکلیف دہ ماہواریاں

جنسی ملاپ کے دوران
یا بعد میں درد

پیشاب کرتے ہوئے درد

تکلیف دہ رفع حاجت

تھکاوٹ

حاملہ ہونے میں مشکل

اس میں سے کسی کا تجربہ ہوا؟

یہ اینڈومیٹرائیوسس ہو سکتا ہے-

بہت سی خواتین اور اور ایسی خواتین جنہیں پیدائش کے وقت لڑکی قرار دیا گیا تھا،، انہیں ماہواری کا درد ہوتا ہے، لیکن اگر آپ کا درد آپ کی روزمرہ کی زندگی میں مداخلت کر رہا ہے تو یہ بہتر ہے کہ اپنے ڈاکٹر سے علاج کروائیں-

ہیلپ لائن: 08088082227
www.endometriosis-uk.org

ENDOMETRIOSIS UK

اینڈومیٹرائیوسس کیا ہے؟

اینڈومیٹرائیوسس ایک ایسی حالت ہے جہاں رحم کے استر والے خلیات جیسے خلیات جسم میں کسی اور جگہ، عموماً ناف‍چے کی جوف میں نشونما پاتے ہیں۔
ہر مہینے یہ خلیے ماہواری پر اسی طرح رد عمل ظاہر کرتے ہیں جیسے رحم میں موجود خلیات کرتے ہیں، یہ بنتے ہیں پھر ٹوٹ جاتے ہیں اور خون بہنا شروع ہوتا ہے۔رحم میں موجود خلیات کے برعکس جو ماہواری کی صورت میں جسم سے نکل جاتے ہیں، اس خون کے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہوتا۔ یہ سوزش، درد اور داغ کی بافتوں کی تشکیل(چپکاہٹوں) کا سبب بن سکتا ہے۔

سامنے آنے والی علامات ایک دوسرے سے مختلف ہو سکتی ہیں اور اس کا انحصار اس چیز پر ہے کہ اینڈومیٹرائیوسس کہاں بڑھ رہا ہے۔ کچھ بری طرح متاثر ہوتے ہیں، جبکہ دوسروں میں کوئی قابل توجہ علامات نہیں ہوتی ہیں۔ اگر آپ کا درد آپ کی روزمرہ کی زندگی میں مداخلت کر رہا ہے تو یہ بہتر ہے کہ اپنے ڈاکٹر سے علاج کروائیں۔
اینڈومیٹرائیوسس بلوغت سے سنِ یاس/ادھیڑ عمری تک 10 فیصد خواتین اور پیدائش کے وقت لڑکی قرار دی جانے والے خواتین کو متاثر کرتا ہے، اس کے اثرات زندگی بھر محسوس کیے جا سکتے ہیں - یہ برطانیہ میں 1.5 ملین سے زیادہ ہے۔ اینڈومیٹرائیوسس کوئی انفیکشن یا کینسر نہیں ہے اور یہ ایک شخص سے دوسرے میں منتقل نہیں ہو سکتا۔

مجھ میں علامات ہیں--- میں کیا کر سکتی ہوں؟

تشخیص میں آپکی مدد اور اینڈومیٹرائیوسس کے علاج میں مدد کے لیے اعانت دستیاب ہے۔ اپنے جی پی سے بات کریں اور انہیں اپنی علامات کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات دینا یقینی بنائیں۔ درد اور علامات کی ڈائری رکھنے سے آپ کو ان علامات کی وضاحت کرنے میں مدد مل سکتی ہے جن کا آپ سامنا کر رہی ہیں ۔
اینڈومیٹرائیوسس کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اور اپنے جی پی سے بات کرنے میں رہنمائی کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اینڈومیٹرائیوسس یوکے کیسے مدد کر سکتا ہے؟

ہمارے پاس ہماری ویب سائٹ پر معلوماتی وسائل کی کافی اقسام بشمول درد اور علامات کی ڈائری اور تشخیص میں مدد کے لیے رہنمائی، نیز ہمارے مقامی سپورٹ گروپس، آن لائن ڈسکشن فورم اور ہیلپ لائن کی تفصیلات موجود ہیں۔

ہیلپ لائن: 08088082227
www.endometriosis-uk.org

ENDOMETRIOSIS UK